ویلڈنگ (Welding) کا کام کرنے والے کے دھواں کا حکم

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس بارے میں کہ ویلڈنگ کا کام کرنے والے کے منہ و ناک میں دھواں جاتا ہے کیا اس سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟۔ سائل: محمد اویس (پاکستان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب، اللهم هداية الحق وا لصواب

روزے کی حالت میں ویلڈنگ کا کام کرنے والے کے ناک اور منہ میں جو دھواں خود بخود چلا جاتا ہے اس سے روزہ فاسد نہیں ہو گا، کیونکہ جس چیز سے تحرز کلی (مکمل طور پر بچنا) ممکن نہ ہو جیسے کسی شے کا دھواں یا غبار، اگر صائم کے قصد و ارادہ کے بغیر حلق یا ناک میں داخل ہو تو اس صورت میں روزہ فاسد نہیں ہوتا، چنانچہ در المختار میں علامہ حصکفی علیہ رحمۃ القوی لکھتے ہیں

أَوْ دَخَلَ حَلْقَهُ غُبَارُ أَوْ ذُبَابُ أَوْ دُخَانٌ وَلَوْ ذَاكِرًا اسْتِحْسَانًا لِعَدَمِ إمْكَانِ التَّحَرُّزِ عَنْهُ

ترجمہ: اگر حلق میں غبار، مکھی یا دھواں خود بخود داخل ہو گیا تو استحسانًا روزہ فاسد نہیں ہو گا کیونکہ اس سے بچنا ممکن نہیں

(در المختارمع رد المحتار، کتاب االصوم، باب مایفسد الصوم و مالا یفسد، ج2 ص 395 مطبوعہ دار الفکر بیروت)

اور حاشیۃ الطحطاوی علی مراقي الفلاح میں أَوْ دَخَلَ حَلْقَهُ دُخَانٌ کے تحت لکھا ہے

به عرف حكم من صناعته الغربلة أو الأشياء التي يلزمها الغبار وهو عدم فساد الصوم

ترجمہ:اسی سے اس شخص کے روزے کا حکم معلوم ہو گیا جس کا کام ہی گردغبار والا ہوتا ہے یا ان چیزوں سے متعلق ہوتا ہے جن کو غبار لازم ہو اور اس کا حکم یہ ہے کہ اس کا روزہ فاسد نہیں ہو گا۔

(حاشیۃالطحطاوی علی مراقي الفلاح ،ج 1 ص ,660،دار الكتب العلمية بيروت)

اور درر الحکام شرح غرر الاحکام میں ہے

أَوْ دَخَلَ حَلْقَهُ غُبَارٌ أَوْ دُخَانٌ أَوْ ذُبَابٌ، وَلَوْ كَانَ ذَاكِرًا لِلصَّوْمِ۔۔۔۔لَمْ يَفْسُدْ صَوْمُهُ

ترجمہ:روزہ دار کے حلق میں غبار،دھواں یا مکھی چلی گئی حالانکہ اسے روزہ یاد تھا روزہ فاسد نہ ہو گا۔

(درر الحكام شرح غرر الاحكام ، كتاب الصوم،ج 1 ص 202 مطبوعہ دار احياء الكتب العربية)

اور فتاوی عالمگیری میں ہے

وَلَوْ دَخَلَ حَلْقَهُ غُبَارُ الطَّاحُونَةِ أَوْ طَعْمُ الْأَدْوِيَةِ أَوْ غُبَارُ الْهَرْسِ، وَأَشْبَاهُهُ أَوْ الدُّخَانُ أَوْ مَا سَطَعَ مِنْ غُبَارِ التُّرَابِ بِالرِّيحِ أَوْ بِحَوَافِرِ الدَّوَابِّ، وَأَشْبَاهِ ذَلِكَ لَمْ يُفْطِرْهُ

ترجمہ:اور اگر آٹے کی چکی کا غبار، ادویات کا ذائقہ(tast)، غلے کا غبار اور اس کی مثل اشیاء،یا دھواں یا جو ہوا سے،جانوروں کے کھروں سے یا اس کی ہم مثل کی وجہ سے اڑنے والا گردوغبار(dust) حلق میں خودبخود داخل ہو گیا تو روزہ فاسد نہیں ہو گا۔

(الفتاوى الهندية المعروف فتاوى عالمگیری ج 1 ص 203)

اور امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمان اپنے ایک فتوی بنام الاعلام بحال البخور في الصيام میں لکھتے ہیں متون و شروح و فتاوی عامہ کتب مذہب میں جن پر مدار مذہب ہے علی الا طلاق تصریحات روشن ہیں کہ دھواں یا غبار حلق یا دماغ میں آپ چلا جائے کہ روزہ دار نے بالقصد اسے داخل نہ کیا ہو روزہ نہ جائے گا اگرچہ اس وقت روزہ ہونا یاد تھا

(فتاوی رضویہ ج 10 ص 496 مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن لاہور)

اسی طرح فتاوی رضویہ میں ایک اور مقام پر ہے

بالجملہ مسئلہِ غبار و دخان میں دخول بلا قصد و ادخال بالقصد پر مدارِ کار ہے، اول اصلًا مفسدِ صوم نہیں اور ثانی ضرور مفطر۔

(فتاوی رضویہ ج10 ص 500 مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن لاہور)

ھـذاما سنح لی،واللہ اعلم بالصواب

المفتقـــــر الی رحمۃ اللہ التـوّاب

الجواب صحیح و المجیب نجیح

مفتی محمد عطا اللہ نعیمی (عفي عنه)

رئیس دارالحدیث ودارالافتاء جامعۃ النور

جمعیت اشاعت اہلسنت پاکستان

ابو حنظلہ خالد تسنیم المدنی

(غـــفـــراللہ الغني ذنبه الخفي و الجلي)

25/05/2018

Smoke Emitted from Welding whilst fasting

What do the noble Scholars and Muftis of Islam say regarding the smoke emitted from welding, will its entering into the mouth or nose of a welder invalidate the fast? Questioner: Muhammad Owais from Pakistan

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب، اللهم هداية الحق وا لصواب

In the case of the smoke emitted from welding entering the mouth and nose of a welder by itself, the fast will not break. Those things which one cannot completely avoid, such as the smoke or dust emanating from something, if they enter the mouth of a fasting person without him intentionally doing so, then the fast will not break.

Allama Haskafi علیہ الرحمۃ, writes in Durr Al-Mukhtar:

أَوْ دَخَلَ حَلْقَهُ غُبَارٌ أَوْ ذُبَابٌ أَوْ دُخَانٌ وَلَوْ ذَاكِرًا اسْتِحْسَانًا لِعَدَمِ إمْكَانِ التَّحَرُّزِ عَنْهُ

‘If dust, a fly, or smoke enter the throat by themselves, then the fast will not break as it is not possible to avoid this’.

(در المختارمع رد المحتار، كتاب االصوم، باب مايفسد الصوم و مالا يفسد، ج2 ص 395 مطبوعہ دار الفكر بيروت)

Furthermore, in Al-Tahtawi’s footnotes on Maraqi Al-Flaah, under the text, ‘أو دخل حلقه دخان’ , it is stated:

به عرف حكم من صناعته الغربلة أو الأشياء التي يلزمها الغبار وهو عدم فساد الصوم

‘It is from this that the ruling of the one whose profession and work involves the emittance of smoke is known, and that is that the fast of such a person will not break’.

(حاشيةالطحطاوى على مراقي الفلاح ،ج 1 ص ,660،دار الكتب العلمية بيروت)

In Ghurar Al-Ahkaam’s commentary, Durar Al-Hukkaam, it is mentioned:

أَوْ دَخَلَ حَلْقَهُ غُبَارٌ أَوْ دُخَانٌ أَوْ ذُبَابٌ، وَلَوْ كَانَ ذَاكِرًا لِلصَّوْمِ۔۔۔۔لَمْ يَفْسُدْ صَوْمُهُ

‘...even if the fasting person remembers he is fasting, for dust, smoke, or a fly to enter his throat will not break his fast’.

(درر الحكام شرح غرر الاحكام ، كتاب الصوم،ج 1 ص 202 مطبوعہ دار احياء الكتب العربية)

Likewise, it is mentioned in Fatawa Alamghiri:

وَلَوْ دَخَلَ حَلْقَهُ غُبَارُ الطَّاحُونَةِ أَوْ طَعْمُ الْأَدْوِيَةِ أَوْ غُبَارُ الْهَرْسِ، وَأَشْبَاهُهُ أَوْ الدُّخَانُ أَوْ مَا سَطَعَ مِنْ غُبَارِ التُّرَابِ بِالرِّيحِ أَوْ بِحَوَافِرِ الدَّوَابِّ، وَأَشْبَاهِ ذَلِكَ لَمْ يُفْطِرْهُ

'And if the dust from a flour mill, taste of medicine, dust from threshing and that alike, smoke, or dust arising from the hoofs of animals and that alike enter the throat by themselves, then the fast will not be invalid'.

(الفتاوى الهندية المعروف فتاوى عالمگيرى ج 1 ص 203)

Imam Ahmad Rada Khan عليه الرحمة, in a Fatwa (Islamic legal ruling) by the name of, 'Al-Alaam Bi Haal Al-Bukhoor Fi Al-Siyaam' writes:
'The texts, commentaries and fatwas which the books of mazhab revolve around, unequivocally state that the smoke or dust which enters the throat or brain by itself will not break the fast, even if the fasting person remembers that he is fasting. This is conditional upon the fasting person not intentionally having doing this'.

(فتاوى رضويه ج 10 ص 496 مطبوعہ رضا فاؤنڈيشن لاہور)

It is also mentioned in another section of Fatawa Radawiyyah,
'In general, the issues of dust and smoke (breaking the fast) are dependent upon their unintentional inhaling, and intentional inhaling. In the former case, the fast will not break, and in the latter case it will'.

(فتاوى رضويه ج 10 ص 500 مطبوعہ رضا فاؤنڈيشن لاہور)

هـذاما سنح لى،والله اعلم بالصواب

المفتقـــــر الى رحمة الله التـوّاب

Answered by:
Abu Hanzalah Khalid Tasneem Al-Madani
(غـــفـــرالله الغني ذنبه الخفي و الجلي)

Verified by:
Mufti Muhammad Atta Ullah Naeemi
Head of Dar-Ul-Ifta Jamia-tu-Noor

Translated by: Atta-Ul-Haq
25/05/2018